الیکشن کمیشن آف پاکستان

# ہدایات برائے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر اور پولنگ آفیسر

## مقامی حکومتوں کے انتخابات—2022

## بلوچستان





## ضابطہ اخلاق برائے پولنگ عملہ

- پریذائیڈنگ آفیسر صرف ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور ریٹرننگ آفیسر کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کرے گا۔
- اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسرز اور پولنگ آفیسرز ڈیوٹی کے دوران پریذائیڈنگ آفیسر کی ہدایات پر عمل کریں گے۔
- انتخابی عملہ پولنگ سٹیشن پر وقت کی پابندی کرے گا۔
- انتخابی عملہ قانون کے مطابق درست اور مناسب انداز میں ذمہ داریوں کی ادائیگی اور اپنے متعلقہ حکام بالا سے مسلسل رابطہ رکھے گا۔
- اگر کسی وقت کسی وجہ سے پولنگ عملہ کا کوئی رکن اپنے فرائض ادا نہیں کر سکتا تو وہ بلا تاخیر متعلقہ پریذائیڈنگ آفیسر کو آگاہ کرے گا جو اس بارے میں فوری طور پر متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کو مطلع کرے گا۔
- پولنگ عملہ اپنی ذمہ داریاں مکمل غیر جانبداری سے ادا کرے گا اور تمام رائے دہندگان، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں، امیدواروں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روا نہیں رکھے گا۔



- پولنگ عملہ نہ تو اپنے آپ کو کسی سیاسی کارروائی یا انتخابی مہم میں ملوث کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔
- پولنگ عملہ کسی سیاسی جماعت یا امیدوار کا انتخابی نشان نہیں پہنے گا اور نہ ہی کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کا بیج لگائے گا۔
- پولنگ عملہ رائے دہندگان کے حق رائے دہی کی رازداری کو یقینی بنائے گا۔
- پریذائیڈنگ آفیسرز پولنگ اسٹیشن پر انتخابی عمل بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔



- پولنگ عملہ پولنگ اسٹیشن پر تمام رائے دہندگان اور معذور ووٹروں کے مددگاروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئے گا
- پولنگ عملہ بزرگ شہریوں، خواجہ سراوں، حاملہ خواتین اور معذور افراد کو مناسب رہنمائی و سہولت فراہم کرے گا۔
- پولنگ عملہ بالخصوص اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر صاحبان نتائج کی تکمیل اور انتخابی سامان کی پیکنگ کے دوران متعلقہ پریذائیڈنگ آفیسر کی مکمل معاونت کریں گے۔

## اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر

ہر پولنگ بوتھ پر ایک اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر تعینات کیا جاتا ہے، جن کا کام بیلٹ پیپر جاری کرنا ہے۔

1. پولنگ کے مقررہ وقت سے تقریباً دو گھنٹے قبل پولنگ اسٹیشن پر پہنچنا اور پولنگ اسٹیشن پر پریذائیڈنگ آفیسر کی معاونت کرنا۔
2. بیلٹ پیپرز کے مثنی (کاؤنٹر فوائلز) پر تمام مطلوبہ معلومات کا درست اندراج کرنا۔
3. کاؤنٹر فوائل پر موجود مخصوص جگہ پر ووٹر کے انگوٹھے کا نشان حاصل کرنا۔ (مردوں کے لئے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان اور خواتین کے لئے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان لگوایا جاتا ہے۔)

4. کاؤنٹر فوائل کے اوپر (فرنٹ سائیڈ پر) مخصوص نمبر والی سرکاری مہر ثبت کر کے اپنے دستخط کرنا اور بیلٹ پیپر کو کاؤنٹر فوائل سے احتیاط کے ساتھ الگ کرنا۔

5. بیلٹ پیپر کی پشت پر مخصوص نمبر والی سرکاری مہر (Official Code Mark Stamp) ثبت کر کے اپنے دستخط کرنا۔

6. نو خانوں والی مہر پر سیاہی لگانا، ووٹر کو دینا اور اس کو ووٹ ڈالنے کے طریقہ کار کے بارے میں آگاہ کرنا۔

7. ووٹر کو بیلٹ پیپر تہہ کرنے کا طریقہ کار بتانا۔

8. ووٹنگ اسکرین کی جانب ووٹر کی رہنمائی کرنا اور اس بات کو یقینی بنانا کہ ووٹر نے بیلٹ پیپر صحیح طریقے سے تہہ کر کے بیلٹ بکس میں ڈال دیا ہے۔

9. ووٹر سے نو خانوں والی مہر واپس وصول کرنا۔

10. فرائض کی انجام دہی میں پریذائیڈنگ آفیسر کی مدد کرنا۔

11. پریذائیڈنگ آفیسر کی عدم موجودگی میں ریٹرننگ آفیسر کی ہدایات کے مطابق بطور پریذائیڈنگ آفیسر کام سرانجام دینا۔

12. پولنگ کے اختتام پر پریذائیڈنگ آفیسر کے ساتھ مل کر ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل کرنا اور تمام سامان کو ریٹرننگ آفیسر کے دفتر تک بحفاظت پہنچانا۔

13. پریذائیڈنگ آفیسر کی جانب سے تفویض کی گئی کوئی بھی اور ذمہ داری پوری کرنا۔

## پولنگ آفیسر کی ذمہ داریاں

| نمبر شمار | ذمہ داری | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | ووٹر کا اصل قومی شناختی کارڈ چیک کرنا  | اگر ووٹر کے پاس اصل قومی شناختی کارڈ نہیں ہے تو اسے ووٹ ڈالنے کی اجازت نہیں۔ زائد المعیاد (Expire) قومی شناختی کارڈ کے حامل افراد ووٹ ڈال سکتے ہیں تاہم اس بات کی تسلی کر لیں کہ قومی شناختی کارڈ اصل ہے اور اسی شخص کا ہے۔ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی قابل قبول نہیں ہے۔ |
| 2 | انتخابی فہرست میں ووٹر کا نام اور سلسلہ نمبر بلند آواز سے پکارنا  | اس کے بعد انتخابی فہرست میں موجود ووٹر کا نام اور سلسلہ نمبر بلند آواز سے پکارے تاکہ پولنگ ایجنٹ اس کو نوٹ کر لیں انتخابی فہرست میں موجود تصویر اور کوائف کا شناختی کارڈ سے موازنہ کریں اور ووٹر کی تصویر سے اگلے کالم میں مرد ووٹر کا بائیں ہاتھ کا انگوٹھا اور خواتین کا دائیں ہاتھ کا انگوٹھا ثبت کروائیں۔ |
| 3 | ہر ووٹر کے انگوٹھے کے ناخن کے جوڑ پر انمٹ روشنائی کا نشان چیک کرنا  | پہلے سے روشنائی لگی ہونے کا مطلب ہے کہ ووٹر ووٹ ڈال چکا ہے۔ اسے واپس بھیج دیں اور پریذائیڈنگ آفیسر کو مطلع کریں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 4 | ہر ووٹر کے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کی جلد اور ناخن کے جوڑ پر انمٹ روشنائی کا نشان لگانا، روشنائی سوکھنے کے لئے چند سیکنڈز انتظار کرنا (اگر ووٹر کا دایاں انگوٹھا نہیں ہے تو اس کے ساتھ والی انگلی پر نشان لگانا)  | روشنائی درست طریقے سے لگانا اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بعد میں اسے مٹایا نہیں جا سکتا۔ اگر ووٹر کے انگوٹھے کی جلد چکنائی والی ہے تو اسے چکنائی صاف کرنے کا کہیں تاکہ روشنائی لگانے میں دشواری نہ ہو۔ |
| 5 | اس بات کو یقینی بنانا کہ ووٹر کا نام سیدھی لکیر لگا کر فوراً انتخابی فہرست سے کاٹ دیا گیا ہے۔  | نام کاٹتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ درست نام ہی کاٹا جائے۔ |
| 6 | ووٹر کو پہلے اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر کے پاس بھیجنا   | اطمینان کر لیں کہ ووٹر منظم انداز میں ایک سے دوسری میز تک آگے بڑھیں۔ |

**یاد رہے کہ حاملہ خواتین، معذور، بیمار، عمر رسیدہ اور خواجہ سراء کو ترجیحی بنیادوں پر ووٹنگ کے عمل سے گزارا جائے گا۔**



## قومی شناختی کارڈ چیک کرنا

ووٹر کا اصل قومی شناختی کارڈ چیک کرتے ہوئے مندرجہ ذیل چیزوں پر توجہ دیں:

ووٹر کا نام　　والد/شوہر کا نام　　قومی شناختی کارڈ نمبر　　ووٹر کی تصویر






## خصوصی صورتحال میں ووٹر کو مدد فراہم کرنا

معذور ووٹر مندرجہ ذیل دو صورتوں میں مدد مانگ سکتا ہے:

1. اگر ووٹر نابینا ہو
2. اگر ووٹر اس طرح معذور ہو کہ بیلٹ پیپر پر نہ تو نشان لگا سکتا ہو اور نہ ہی بیلٹ بکس میں بیلٹ پیپر ڈال سکتا ہو۔



### بشرطیکہ:

1. وہ مددگار شخص خود امیدوار یا کسی امیدوار کا ایجنٹ نہ ہو۔
2. اس کی عمر 18 سال سے کم نہ ہو۔

## انتخابی فہرست






شماریاتی بلاک کوڈ

# حتمی انتخابی فہرست 2020ء (مرد)

انتخابی علاقے کا نام:۔ برگبیر

موضع/دیہہ/شہر:۔ برگبیر پٹوار حلقہ/ تپے دار سرکل کا نام:۔ نتھن آباد تحصیل/تعلقہ: پالس

ضلع: کوہستان 0 1 6 0 1 0 4 0 5 یونین کونسل:_______

| سلسلہ نمبر | گھرانہ نمبر | نام | والد کا نام | قومی شناختی کارڈ | عمر | پتہ | ووٹر کی تصویر | ووٹر کا نشان انگوٹھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 23 | 1 | محمد سدھیر | محمد نذیر | 37405-3555171-3 | 24 | محلہ سادات، نتھن آباد |  |  |
| 24 | 2 | یوسف مسیح | جان مسیح | 37405-1234567-1 | 85 | محلہ سادات، نتھن آباد |  |  |
| 25 | 3 | فواد خان | فراست علی خان | 37405-7654321-5 | 28 | محلہ سادات، نتھن آباد |  |  |
| 26 | 4 | عامر سہیل | اشفاق احمد | 37405-3215475-5 | 23 | محلہ سادات، نتھن آباد |  |  |
| 24 | 2 | جیون پرکاش | ارجن کمار | 37405-3654289-7 | 48 | محلہ سادات، نتھن آباد |  |  |

شناختی کارڈ میں درج نام سے ملائیں

شناختی کارڈ میں درج ولدیت سے ملائیں

شناختی کارڈ میں درج سامنے اور پیچھے لکھے نمبر سے ملائیں

شناختی کارڈ میں دی گئی تصویر سے ملائیں

ووٹر کے انگوٹھے کا نشان لیں

## کاؤنٹر فوائل

Serial No.

نمبر اور نام کونسل__________________ — کونسل کا نمبر اور نام لکھیں

وارڈ کا نام اور نمبر__________________ — انتخابی فہرست میں وارڈ کا نمبر اور نام لکھیں

| | | | | | - | | | | | | | | - | |
— ووٹر کا شناختی کارڈ نمبر لکھیں

| | | | | | | | | |
— بلاک کوڈ لکھیں

انتخابی فہرست میں نمبر شمار رائے دہندہ__________________ — انتخابی فہرست میں موجود ووٹر کا سیریل نمبر لکھیں یہ نمبر انتخابی فہرست کے سب سے اوپر موجود ہوتا ہے

نشان انگوٹھا رائے دہندہ______________ — مرد ووٹر کے بائیں اور عورت ووٹر کے دائیں انگوٹھے کا نشان لیں۔

دستخط پریذائیڈنگ افسر______________ — پریذائیڈنگ افسر اپنے دستخط ثبت کرے گا




کاؤنٹر فوائل پر سرکاری مہر سے نشان لگائیں اور دستخط کریں۔

## پولنگ اسٹیشن پر ووٹوں کی گنتی

| گنتی سے خارج شدہ ووٹ | گنتی میں شامل ووٹ |
|---|---|
| 1. جس کی پشت پر سرکاری نشان (آفیشل کوڈ مارک) اور اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر کے دستخط نہ ہوں۔ | 1. جن پر زیادہ روشنائی لگی ہو یا غلط طریقے سے تہہ لگانے پر مہر کی سیاہی کسی دوسرے امیدوار کے نشان پر لگ گئی ہو لیکن یہ واضح ہو کہ مہر کا نشان کسی خاص امیدوار کے نشان پر لگایا گیا ہے۔ |
| 2. جو سرکاری بیلٹ پیپر نہ ہوں۔ | 2. جس پر نو خانوں والی مہر دو امیدواروں کے نشان کے درمیان لگائی گئی ہو لیکن کسی ایک امیدوار کے نشان پر زیادہ ہو تو ووٹ اس امیدوار کی گنتی میں شامل ہو جائے گا۔ |
| 3. جس پر لگائی جانے والی مخصوص مہر (نو خانوں والی مہر) کے علاوہ کسی اور مہر کا نشان ہو۔ | 3. جس پر ایک ہی امیدوار کے نشان پر ایک سے زیادہ مرتبہ نو خانوں والی مہر لگائی گئی ہو۔ یا ایک ہی امیدوار کے نام اور انتخابی نشان دونوں پر مہر لگائی گئی ہو۔ |
| 4. جس کے ساتھ کوئی کاغذ یا کوئی اور چیز منسلک ہو۔ | |
| 5. جس پر نو خانوں والی مہر کا نشان ایک سے زائد امیدواروں کے سامنے لگا ہو۔ | |
| 6. ایسا بیلٹ پیپر جس سے یہ پتہ نہ چل سکے کہ ووٹر نے کس امیدوار کے حق میں ووٹ ڈالا ہے۔ | |
| 7. ایسا بیلٹ پیپر جس سے دو امیدواروں کے خانے میں برابر مہر لگائی گئی ہو۔ | |



## ووٹ کی رازداری کا احترام

- ✓ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ہر شخص اپنی مرضی کے امیدوار کو پوری شخصی آزادی کے ساتھ ووٹ دے۔
- ✓ اچھی طرح یقین کر یں کہ ووٹنگ سکرین اپنی جگہ پر ہے اور یہ کہ کوئی بھی شخص (پولنگ حکام، پولنگ ایجنٹ، میڈیا، مبصرین وغیرہ) ووٹر کو بیلٹ پیپر پر مہر ثبت کرتے ہوئے نہ دیکھ سکے۔

پولنگ اسٹیشن کی تشکیل اور گنتی کے عمل میں پریذائیڈنگ آفیسر کی مدد کرنا پولنگ عملہ بشمول پولنگ آفیسر کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔
نیز رزلٹ اور دیگر الیکشن مٹیریل کی ریٹرننگ آفیسر کے دفتر پہنچانے میں مدد اور تعاون بھی پولنگ عملہ کی ذمہ داری ہے۔

## نوٹ:

- ✓ پولنگ اسٹیشن کی تشکیل اور گنتی کے عمل میں پریذائیڈنگ آفیسر کی مدد کرنا پولنگ عملہ بشمول پولنگ آفیسر کی اہم ذمہ داریوں میں شامل ہے۔
- ✓ نیز رزلٹ اور دیگر الیکشن مٹیریل کی ریٹرننگ آفیسر کے دفتر پہنچانے میں مدد اور تعاون بھی پولنگ عملہ کی ذمہ داری ہے۔

## ووٹ/بیلٹ پیپر کی اقسام

عام ووٹ کے علاوہ ووٹ/بیلٹ پیپر کی درج ذیل تین اقسام ہیں:

1. ٹینڈرڈ ووٹ(Tendered Vote)
2. چیلنجڈ ووٹ(Challenged Vote)
3. اسٹرے/ضائع شدہ بیلٹ پیپرز(Stray/Spoilt Ballot Papers)

### ٹینڈرڈ ووٹ(Tendered Vote)

اگر کوئی شخص ووٹ ڈالنے آئے اور اس کے انگوٹھے پر انمٹ سیاہی کا نشان نہیں ہے لیکن ووٹر لسٹ میں اس کا نام حذف شدہ ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ووٹ پہلے سے ڈالا جا چکا ہے تو پریذائیڈنگ آفیسر ووٹر کی شناخت کی تسلی کے بعد اُسے ٹینڈرڈ ووٹ(Tendered Vote) کا حق استعمال کرنے کی اجازت دے گا۔

ٹینڈرڈ ووٹ(Tendered Vote) کے معاملے میں پریذائیڈنگ آفیسر کو چاہیئے کہ:

1. ووٹر لسٹ دوبارہ چیک کرے اور اطمینان کرے کہ وہ درست اندراج ہی دیکھ رہا ہے، تسلی ہونے پر ووٹر کو ٹینڈرڈ ووٹ کی سہولت فراہم کرے اور اگر پریذائیڈنگ آفیسر مطمئن نہ ہو تو وہ متعلقہ شخص کے خلاف تلبیسِ شخصی (Personation) کی متعلقہ دفعہ کے تحت کاروائی کر سکتا ہے۔
2. پریذائیڈنگ آفیسر ایسے شخص کو ٹینڈرڈ ووٹ کی اجازت دینے سے پہلے اس کے قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی حاصل کرے گا اور اس کے علاوہ ووٹر اگر دیگر دستاویز پیش کرنا چاہے تو اسکی بھی فوٹو کاپی حاصل کر لے گا۔
3. جب ووٹر اپنے بیلٹ پیپر پر نشان لگا چکے تو پریذائیڈنگ آفیسر اس بیلٹ پیپر کو ٹینڈرڈ بیلٹ پیپرز (Tendered Ballot Papers) والے لفافے پیکٹ-4 میں ڈال کر اپنے پاس محفوظ کر لے۔ یہ ووٹ بیلٹ باکس میں نہیں ڈالے جائیں گے۔
4. پریذائیڈنگ آفیسر ٹینڈرڈ ووٹ لسٹ(Tendered Votes List) فارم- XIII کی ہر کیٹگری کی کاپی پر ووٹر کے متعلق مطلوبہ معلومات درج کرے گا اور فارم پر ووٹر کے دستخط اور انگوٹھے کا نشان لگوائے گا۔ ووٹر کو پولنگ اسٹیشن سے باہر جانے کی اجازت تب دیں جب آپ مطلوبہ فارم پُر کر لیں۔
5. ٹینڈرڈ بیلٹ پیپرز کی الگ سے گنتی کی جائے گی۔ ٹینڈرڈ بیلٹ پیپرز کو گنتی میں شامل کیا جائے گا۔
6. پریذائیڈنگ آفیسر ٹینڈرڈ ووٹ لسٹ فارم- XIII، ووٹر کی قومی شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کی نقول متعلقہ پیکٹ میں ڈال کر ریٹرننگ آفیسر کو دے گا۔

### چیلنجڈ ووٹ(Challenged Vote)

کوئی بھی پولنگ ایجنٹ یا امیدوار کسی بھی ایسے شخص کے ووٹ کو چیلنج کرنے کا حق رکھتا ہے جس کے بارے میں اس کو یقین ہے کہ:

- ووٹر پہلے بھی ووٹ ڈال چکا ہے۔
- ووٹر کسی اور ووٹر کی جگہ آیا ہے۔

چیلنج کئے گئے ووٹ کے معاملے میں پریذائیڈنگ آفیسر کو مندرجہ ذیل باتوں پر عمل کرنا چاہیے:

1. یہ جاننے کے لئے کہ وہ شخص کسی اور کا روپ اختیار کرنے کا مرتکب ہوا ہے۔ کوئی بھی فوری دستیاب شہادت حاصل کرے اور اس شخص کو اس غلط حرکت کے نتائج سے آگاہ کرے۔
2. چیلنج کرنے والے ایجنٹ/امیدوار کو متنبہ کریں کہ ضروری ہوا تو یہ الزام اسے عدالت میں ثابت کرنا ہوگا۔ ووٹر کو چیلنج کرنے والے ایجنٹ یا امیدوار سے 20روپے فیس وصول کریں اور ہاتھ سے لکھی ہوئی رسید دیں۔ تمام جمع شدہ رقم پولنگ کے بعد ریٹرننگ آفیسر کو دی جائے گی۔
3. ووٹر کو معمول کی کاروائی سے گزاریں۔ انگوٹھے کا نشان لگانے کے علاوہ ووٹر کاؤنٹر فوائل پر بھی دستخط کرے گا (اس کے ان پڑھ ہونے کی صورت میں لازمی نہیں)۔
4. ووٹر کو بیلٹ بکس میں ووٹ نہ ڈالنے دیں بلکہ چیلنجڈ بیلٹ پیپر کو متعلقہ پیکٹ میں رکھیں۔
5. ہر کیٹگری کے لئے الگ الگ بیلٹ پیپر جاری کیا جائے گا۔
6. چیلنج کیے گئے ووٹوں کی فہرست "(Challenged Votes List)فارم۔XIV کی ہر کیٹگری کی کاپی پر ووٹر کے متعلق مطلوبہ معلومات درج کرے گا اور فارم پر ووٹر کے دستخط اور انگوٹھے کا نشان لگوائے گا۔ ووٹر کو پولنگ اسٹیشن سے باہر جانے کی اجازت تب دیں جب آپ مطلوبہ فارم پُر کر لیں۔

## اسٹرے/ضائع شدہ بیلٹ پیپرز(Stray/Spoilt Ballot Papers)

| Stray Ballot Paper | Spoilt Ballot Paper |
|---|---|
| اگر کوئی جاری کردہ بیلٹ پیپر پولنگ اسٹیشن کے اندر یا باہر پڑا ہوا ملے تو ایسے بیلٹ پیپر کو Stray Ballot Paperتصور کیا جائے گا | ضائع شدہ بیلٹ پیپر(Spoilt Ballot Paper)وہ ہے جس پر غلطی سے نشان لگ جائے یا پھٹ جائے یا اسطرح مسخ ہو جائے کہ ایک کارآمد بیلٹ پیپر کے طور پر استعمال نہ کیا جا سکتا ہو |

ضائع شدہ بیلٹ پیپر(Spoilt Ballot Papers) کی صورت میں پریذائیڈنگ آفیسر یا اسسٹنٹ پریذائیڈنگ آفیسر کو چاہیے کہ :

- بیلٹ پیپر کی پچھلی طرف لفظ"CANCELLED" لکھیں
- کاونٹر فوائل پر کئے گئے دستخط کے اوپر لفظ""CANCELLED" لکھیں
- ضائع شدہ بیلٹ پیپر کو پیکٹ-10 میں ڈالیں۔
- ووٹر کو نیا بیلٹ پیپر جاری کرنے کے لئے کاونٹر فوائل پُر کریں۔ بیلٹ پیپر کی پشت پر مہر لگائیں اور دستخط کریں۔ جیسا کہ معمول میں کیا جاتا ہے۔

Stray Ballot Paper کی صرف پشت پر ہی Cancelled لکھا جائے گا

Spoilt Ballot Paper کی نہ صرف پشت پر بلکہ اُس کے متعلقہ کاوئنٹر فوائل پر بھی Cancelled لکھا جائے گا